© rasailojaraid.com



ان کی کوشش ہوتی ہے کہ اس عظیم لائبریری سے مستفید ہوں۔

اس لائبریری سے "خدا بخش لائبریری جرنل" کے نام سے سہ ماہی میگزین کچھ عرصہ قبل شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ اس کا مقصد اردو، فارسی، عربی، اور انگریزی زبانوں میں ایسے مضامین کی اشاعت ہے، جو مذکورہ لائبریری میں موجود مواد کی بنیاد پر لکھے جائیں، یا وہ کسی نہ کسی صورت میں لائبریری سے متعلق ہوں۔

اس محدود مقصد کے باوجود علم وادب کے محققین کا یہ مجلہ گوناگوں افادیت کا حامل ہے اس کی ترتیب وتدوین میں لائبریری مذکور کے ناظم اعلیٰ اور مدیر جناب عابد رضا بیدار کی محنت وکاوش کا بہت بڑا حصہ ہے۔ (م۔ع)

## تاریخ الفخری

تالیف محمد بن علی بن طباطبا عرف ابن طقطقی، ترجمہ مولوی محمود علی خاں بھوپالی

الفخری کا شمار اسلام کی مستند تاریخوں میں ہے اس مختصر گر جامع تاریخ میں بہت سی ایسی خصوصیات ہیں، جو دوسری تاریخی کتابوں میں نہیں ملتیں۔ مصنف نے تاریخ الفخری کے دو حصے کئے ہیں۔ ایک سیاست اور اصول حکمرانی، دوسرا دول اسلامیہ کی مختصر تاریخ ہے جس میں ہر خلیفہ کے حالات کے ساتھ اس کے وزراء کا مفصل تذکرہ کیا گیا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی سے آخری خلیفہ عباسی معتصم باللہ تک حالات بیان کئے گئے ہیں۔ تقطیع متوسط ۲۰ × ۲۶ صفحات ۴۶۲ قیمت ۱۵/۷۵ روپے، مجلد ۱۹/۷۵ روپے

© rasailojaraid.com